© rasailojaraid.com

کتاب چونکہ انتہائی ضخیم ہے، جس سے عدیم الفرصت حضرات کا استفادہ کرنا قدرے دشوار تھا، اس لئے ضرورت اس امر کی تھی کہ کوئی صاحب اس کی ایسی جامع تلخیص کردیں کہ نہ اصل کتاب کے مقاصد متاثر ہوں اور نہ اس کی روح مجروح ہو اور بہت کم وقت لے کر وہ قاری کو بہت کچھ دے دے۔

زیر نظر کتاب میں مولانا عبدالوحید معاویہ فاضل جامعہ فاروقیہ و متخصص فی الدعوۃ والارشاد جامعہ دارالعلوم کراچی نے یہ ضرورت انتہائی احسن انداز میں پوری کی ہے۔ انہوں نے نہ صرف یہ کہ کتاب کی تلخیص کی ہے، بل کہ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے کتاب میں مفید عنوانات کا اضافہ کر کے اس سے استفادہ کو مزید آسان تر بنا دیا ہے۔ نیز ہر بحث کے اختتام پر فریقین کے دلائل کا تقابلی جائزہ پیش کر کے قرآن وحدیث پر عمل کرنے کے اس لامذہب فرقے کے دعوے کی قلعی کھول کر رکھ دی ہے۔ یہ اس کتاب کی انتہائی عمدہ اور جامع تلخیص ہے۔ امید ہے عوام وخواص اس کی کماحقہ پذیرائی کریں گے۔ کتاب کی سیٹنگ وکمپوزنگ عمدہ اور طباعت معیاری ہے۔

**نصاب تجوید** : **تالیف:** قاری ممتاز احمد صاحب سرحدی۔ **ناشر:** مکتبہ حقانیہ بوغرہ روڈ چمن، بلوچستان۔

**سائز:** 23×36/16۔ **صفحات:** حصہ اول: 62، حصہ دوم: 268۔ **قیمت:** درج نہیں۔

کتاب کے دونوں حصوں کا تعارف لکھتے ہوئے فاضل مؤلف لکھتے ہیں: ''ہندو پاک کے مدارس تجوید میں عموماً علم تجوید کی تین کتابیں جمال القرآن، فوائد مکیہ اور مقدمۃ الجزریہ داخل نصاب ہیں، بندہ نے ان تینوں کتابوں کا تیس سال تک درس دیا، دوستوں اور شاگردوں کی فرمائش اور اصرار کی وجہ سے ان کو بطرز سوال وجواب لکھا اور ان کا نام نصاب تجوید رکھا، پھر نصاب تجوید کو دو حصوں میں تقسیم کر کے جمال القرآن اور فوائد مکیہ کو ''حصہ اول بنام سو سوال'' کردیا، کیوں کہ یہ دونوں کتابیں سو سوالوں پر محیط ہیں اور نصاب تجوید کی تیسری کتاب مقدمۃ الجزریہ کو الگ حصہ دوم میں سو اسباق میں جمع کر کے اس کا نام سوسبق رکھا.....''

فاضل مؤلف حضرت مولانا قاری محمد شریف رحمۃ اللہ علیہ کے ممتاز تلامذہ میں سے ہیں اور فن تجوید میں انہیں نمایاں مقام اور امتیازی حیثیت حاصل ہے، زیر نظر تالیف ان کی فن تجوید میں مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے، اگر اساتذہ تجوید علم تجوید کی ان تینوں کتابوں کی تدریس میں فاضل مولف کے نصاب تجوید کو پیش نظر رکھ کر ان کے اسلوب سے استفادہ کریں تو یقیناً یہ اسلوب اس فن کے سمجھنے وسمجھانے میں کافی ممد ومعاون ثابت ہوگا۔ امید ہے تجوید کے اساتذہ وطلبہ اس خدمت کی کماحقہ پذیرائی کریں گے۔ کتاب کی سیٹنگ، کمپوزنگ اور طباعت میں سلیقہ مندی کی گنجائش ہے۔

**نماز و مسنون دعائیں** : **تالیف:** محترمہ ام وردہ۔ **ناشر:** مکتبہ بیت العلم، ڈیفنس ویو فیز 2 کراچی۔

**سائز:** 23×36/16۔ **صفحات:** 104۔ **قیمت:** 30 روپے۔

زیر تبصرہ کتاب نماز کے مکمل طریقے، نماز کے فرائض، واجبات، سنن، مستحباب، مکروہات اور مفسدات وغیرہ پر مشتمل



© rasailojaraid.com